ڈسٹرکٹ پولیس بہاولپور شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (470)

مورخہ 15.09.24

**بہاول پور(      )12 ربیع الاول عید میلا د النبی ﷺ کے حوالے پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی جانب سے سکیورٹی پلان جاری۔عید میلا د النبی ﷺ کے پر امن انعقاد کے حوالے سے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری، ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی فول پروف سیکیورٹی کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ہدایت پر 12 ربیع الاول عید میلا د النبی ﷺ کے موقع پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔اس حوالے سے ضلع بھر میں 73 جلوس نکالے جائیں گے اور 9 محافل میلاد منعقد ہوں گیں۔جن پر 1300 سے زائد پولیس افسران و جوان ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ڈسٹرکٹ پولیس کے ساتھ ٹریفک پولیس، ایلیٹ فورس، ڈولفن اسکواڈ اور محافظ اسکواڈ ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ڈی پی او نے سیکیورٹی ڈیوٹی کے حوالے سے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ڈیوٹی پر ماموار افسران و جوانوں کو ڈیوٹی کی حساسیت کے متعلق بریف کریں۔ایس ایچ اوز منتظمین جلوس سے مکمل رابطہ رکھیں۔ٹریفک کو رواں دواں کرنے کے لیے ٹریفک کا علیحدہ سے ڈیوٹی پلان ترتیب دیا گیا ہے۔موجودہ ملکی صورت حال اور دہشت گردی کے واقعات کے پیش نظر جلوس و محفل نعت کی سکیورٹی کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں تا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچا جا سکے۔ جلوس میں شامل ہونے والے افراد کی مکمل تلاشی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔جلوسوں میں آنے والے راستوں کو خاردار تاروں سے سیل کیا گیا جائے گا۔ایلیٹ فورس، ڈولفن اسکواڈ اور محافظ اسکواڈ جلوسوں کے اردگرد گرد اپنی گشت جاری رکھیں گے۔اس موقع پر پولیس لائن بہاول پور میں اضافی نفری بھی سٹینڈ ٹو رہے گی۔ جو کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری رسپانس کرے گی۔عید میلا د النبی ﷺ کے حوالے سے ڈی پی او آفس میں ایمرجنسی صورتحال کے پیش نظر کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی جانب سے عید میلا د النبی ﷺ کی جانب سے سکیورٹی پلان جاری

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((471

15.09.24

**بہاول پور(           )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکار تعینات کیے گئے۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی،بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہرصورت یقینی بنائیں،کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں،معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے،غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ایس ڈی پی او سٹی سرکل کے دفتر میں کھلی کچہری سٹی وصدر سرکل کے شہریوں کے مسائل دریافت کئے اوران کے حل کیلئے احکامات جاری کئے